نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت ایگریکلچر کمیشن کے چوتھے اجلاس کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں انعقاد

سیلاب متاثرین کی مشکلات کے حل کے لیے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:19 ستمبر 2025:وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت ایگریکلچر کمیشن کے چوتھے اجلاس کا زراعت ہاؤس لاہور میں انعقاد ہوا۔اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور سیکرٹری لائیواسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب احمد عزیز تارڑ شریک ہوئے۔اجلاس میں سیلاب کے دوران اور بعد کی فصلوں کی صورتِ حال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اس موقع پر وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ سیلابی صورتحال کے پیشِ نظر ممبران کی قابلِ عمل تجاویز پر فوری عملدرآمد کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ حالیہ سیلاب کے زرعی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔وزیر اعلیٰ پنجاب فلڈ ریلیف اور ریسکیو آپریشنز کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کررہی ہیں۔سیلاب نے انسانی وحیوانی جانوں سمیت فصلوں کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے صوبائی وزراء کی فلڈ ریلیف وریسکیو کے لیے خصوصی ڈیوٹیاں لگائی ہیں۔سیلاب متاثرین کی مشکلات کے حل کے لیے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق متاثرین کو کھانا، رہائش اور صحت کی بہترین سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔وزیرزراعت نے مزید کہا کہ سیلاب متاثرین کے جانوروں کی محفوظ مقامات پر منتقلی، ویکسینیشن اور علاج معالجہ کیا جارہا ہے۔حکومت نے فصلوں کے نقصانات کے ازالے کے تخمینہ اور سروے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب جلد ہی خصوصی پیکج کا اعلان کریں گی۔

اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے جانوروں کو سبز چارہ اور خوراک کی فراہمی کے لیے محکمہ زراعت فعال کردار ادا کررہا ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کی فیلڈ فارمیشنز کی ریلیف آپریشنز کی سرگرمیاں روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کی جارہی ہیں۔

اجلاس میں سیکرٹری لائیواسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب احمد عزیز تارڑ نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لیے ونڈا اور سائیلج کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔

اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، چیف ایگزیکٹو پارک ڈاکٹر عابد علی و دیگر ممبران سید حسن رضا، جاوید سلیم قریشی ڈاکٹر خالد حمید، ڈاکٹر ظفر حیات عامر حیات بھنڈارہ اور خالد محمود کھوکھر سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆